11

# شادی اور طلا ق

URD 011

اونٹاریو خواتین کے لئے فیملی لاء



## تمام خواتین- ایک فیملی لاء-

اپنے حقوق کو جانیئے-

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

# شادی اور طلا ق

*اس کتابچہ کا مقصد آپکو قانونی مسائل کی بنیادی سو جھ بو جھ فراہم کرنا ہے - یہ کسی انفرا دی قانونی مشور ے اورمعاونت کا متبادل نہیں ہے - اگر آپ خاندانی قانونی مسائل سے دو چار ہیں، تو یہ تجویز دی جاتی ہے کہ آپ اپنی ترجیہات سمجھنے کے لیے اور اپنے حقو ق کی حفاظت کے لیے جتنی جلدی ممکن ہو قانونی مشورہ حاصل کیجئے - ایک فیملی لاءوکیل کا ملنا اور اُس کی فیس کی ادائیگی کیسے کی جائےاسکی مزید معلو ما ت کے لئے ہمار ے کتا بچے*
*"آپ کے فیملی لا ء کے مسائل اور اُن کے حل کے لئے مدد کی تلا ش"*
*(Finding Help With Your Family Law Problem) دیکھ سکتے ہیں - آپ "فیملی لاءکے وکیل کی تلا ش (Looking for family law Lawyer) املا کی حقو ق اور(Property Rights) شادی شدہ اور مشتر کہ رہا ئش پذیر شریکِ حیا ت کے فرائض Property Rights and Obligations of Married and) (Co-habiting Partners اور دوسرے خاندانی قوانین کے موضوعات پر ہمارے ویبینارز (webinars) بھی دیکھ سکتے ہیں - یہ تمام وسائل ہمار ی ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca پر مو جو د ہیں-*

## کینیڈا میں قانونی شادی کیا ہے؟

کینیڈامیں شادی کی تقریب قانونی قرار پانے کے لئے دو مجموعہ قوانین مو جو دہیں، جن کی پا بند ی کرنا دو نو ں شریک حیا ت پر لا زم ہے - پہلا مجموعہ قانون بتا تا ہے کہ کسے قا نو نی طور پر شادی کی اجازت ہے -دو سر ا مجموعہ قا نو ن یہ بتا تا ہے کہ شاد ی کی تقریب کیسے انجا م پا ئے گی -

**1)** اونٹا ریو میں کو ن شا د ی کر سکتا ہے ؟

یہاں قو انین مو جو د ہیں کہ کو ن قا نو نی طور پر شا دی کر سکتا ہے اور کو ن نہیں- کسے قا نو نی طور پر شادی کرنے کی اجا زت ہے اس کے بارے میں اہم قو انین در ج ذیل ہیں -

الف) اونٹا ریو میں شاد ی کے لئے آپ کی عمر کم از کم **18** سال ہونا ضرور ی ہے

- اگر آپ 16 یا 17 سال کے ہیں توایک رعایت ہے - اگر آپ کے پاس دونوں وا لدین، قانو نی سرپرست یاعدا لت کی طرف سےتحریری اجازت ہےتو آپ شادی کر سکتے ہیں - دو سرے صو بو ں اور خطوں میں عمر کے مختلف قوانین ہیں -

ب) کینیڈابھر **میں 16** سال سے کم عمر کے بچے اپنے والدین کی اجا زت کے با و جو د شادی نہیں کر سکتے - اگر آپ کو علم ہو کہ جن کی شاد ی ہو رہی ہے اُن میں سے ایک 16 سال سے کم عمر ہے، شاد ی کی ایسی تقریب کو منا نا، اس میں مدد کرنا یا اُس میں شامل ہو نا فوجداری قا نو ن کے خلاف ہے-

ج) آپ کسی بھی شخص سے شادی کر سکتے ہیں جس کی شاد ی کرنے کی قا نو نی عمر ہو - اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ شریک حیا ت کی کیا جنس یا صنف ہے -

د) اگر آپ اور آپ کے شریک حیا ت کے درمیان خونی رشتہ یا گود لینا وغیرہ کے ذریعے بہت قریبی تعلق ہے، تو آپ شادی نہیں کر سکتے - اپنے والد/والدہ، دادا / دادی / نانا / نانی، بچّے، پو تا/ پوتی/ نواسا / نواسی، بھائی یا بہن، سو تیلے بھائی یاسو تیلی بہن سے شاد ی کرنا قانو ن کے خلاف ہے-

ر) اگر آپ پہلے سے شاد ی شدہ ہیں تو آپ دو سرے شخص سے شادی نہیں کر سکتے - کینیڈا میں ایک سے زیا دہ شوہر یا بیوی رکھنا قانون کے خلاف ہے - اسےکثر تِ ازدوا ج (**Polygamy**) کہتے ہیں -

- اگر آپ ما ضی میں شاد ی شدہ تھے اور قبل اس کے کہ آپ کسی اور سے شاد ی کریں،آپ کو یہ ثا بت کر نا ہو گا کہ آپ کا طلا ق یا مو ت کی وجہ سے اس شخص کے ساتھ ازدواجی تعلق نہیں ہے -اگر آپ کی طلا ق کینیڈا سے با ہر ہوئی تھی تو آپ کو ثابت کر نا ہو گا کہ آپ کی طلا ق اُس ملک میں قا نونی طور پر ہوئی تھی - (طلاق کے بار ے میں مزید معلو ما ت نیچے مو جو د ہیں - )

ہ) آپ اور آپ کے شریک حیا ت کا یہ سمجھنا ضرور ی ہے کہ شادی شدہ ہو نا کیا ہو تا ہے - آپ دو نو ں کا رضا کا رانہ طور پر شادی کے لئے راضی ہو نا ضرور ی ہے - قانون کی رو سے اسے" روشن خیالی اور با خبر رضا مند ی" کہا جا تا ہے -

- اگر آپکو شاد ی کے لئے مجبو ر کیا گیا ہے تو ایسی شادی غیر قانونی ہو گی - اُس شاد ی کو منانا، اُس میں مدد کر نا یا شامل ہونا قا نو ناً جرم ہے، جس میں کسی ایک فرد کی رضا مند ی نہ ہو-

**2) شاد ی کی تقریب کے تقاضے**
دوسرا مجموعہ قا نون اس امر کی وضاحت کرتا ہےکہ آپ کی شاد ی کی تقریب کیسے سر انجا م پا ئے گی - اگر آپ کینیڈا میں شاد ی کرتے ہیں، تو آپ کی شادی اس صوبے کے قانون کے مطابق ہوگی جہاں آپ کی شاد ی کی تقریب منعقد ہو گی -

دو نو ں شریک حیا ت کا تقریب میں شامل ہو نا ضرو ری ہے - فو ن یا انٹر نیٹ کے ذریعے شاد ی ممکن نہیں ہے - دو نو ں شریک حیات کا اُس شخص کے روبرو ہو نا ضرو ر ی ہے جسے قا نو نی طور پر شادی کی تقریب سر انجا م دینے کی اجا زت ہو .

اونٹار یو میں شاد ی کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ آپ اپنے علا قے، شہر، یا بلدیا تی سر کاری دفتر سے **شاد ی کا لائسنس حاصل کریں** مذکورہ لائسنس کی فیس کم ہے اوریہ تین ماہ تک قابل قبول رہے گا آپ کے لئے لا ز م ہے کہ آپ شاد ی لا ئسنس پر اُس شخص سے دستخط کروائیں جواونٹار یو میں کہیں بھی شادی کی تقریب منعقد کرانے کا مجازہے -

اونٹار یو میں ایک شادی قانونی ہونے کے لئے جس شخص نے شادی کی رسم کرنی ہے اس کا لائسنس یافتہ ہونا یاگورنمنٹ سے منظور شدہ ہو نا ضروری ہے -آپ اونٹار یو میں مذہبی رسم کے انداز میں یا سِوِل (غیر مذہبی) رسمی انداز میں شادی کر سکتے ہیں -

- مذہبی تقریب :ایک مذہبی اہلکار جو کہ اونٹار یو میں شادی کروانے کے لئے رجسٹرڈ ہے آپ کی قانونی طور پر شادی کروا سکتا ہے مثلاًپادری ،پنڈت، یہودی فقیہہ یا امام-
- سو ل تقریب  ایک جج، جسٹس آف پیس، سٹی کلرک یا کوئی اورجو اونٹار یو میں لوگو ں کی شادی کروانے کے لئے لائسنس یافتہ ہے آ پ کی قانونی طور پرشادی کرو ا سکتا ہے -

**شادی کا سرٹیفیکیٹ (Marriage Certificate)** ایک سرکاری دستاویز ہے جو ثابت کر تا ہے کہ آپ قانونی طور پر شادی شدہ ہیں - آپ شادی کاسرٹیفیکیٹ حاصل کر سکتے ہیں اگر دو لوگ جنھوں نے آپ کی شادی دیکھی ہے و ہ شادی لائسنس پر دستخط کردیں اور جس شخص نے آپ کی تقریب کروائی ہے و ہ دستخط شدہ اور پُر شدہ لائسنس کا اندراج حکومت کے ریکارڈ آ فس میں کروا دے - اونٹار یومیں اس دفتر کو "سروس اونٹار یو" (Service Ontario) کہا جاتا ہے -

## کیادیگرممالک کی شادیاں کینیڈامیں قانونی ہیں؟

بیشتر او قا ت، کینیڈاسے باہر انجا م پائی گئیں قانونی شادیو ں کو یہا ں پر بھی قانونی تسلیم کیا جائے گا - اگرآپ کینیڈامیں رہائش پذیرہیں اور آپ دوسرے ملک میں شاد ی کرنےجا تے ہیں تو آپ کی تقریب کا اُس ملک کی شادی کی شرائط پر پور ا اترنا ضرور ی ہے، جس ملک میں آپ شادی کرتے ہیں-کینیڈامیں قا نونی شاد ی کرنے کے لئے ضرور ی ہے کہ آپ ان اصولوں کی بھی پیروی کریں کہ کینیڈین قانون کے تحت کس کس کوشادی کرنے کی اجازت ہے (اُوپر بیان گئےگئے) -

## کثرتِ زوج (Polygamy)

آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ ایک سے زیادہ زوج کا ہونا ( جسے ’پریکٹیسنگ پولیگیمی‘ یعنی عملاً کثرتِ زوج کہا جاتا ہے) کینیڈا میں غیر قانونی ہےاگر آپ کی شادی ایسے ملک میں ہوئی ہے جہا ں کثرتِ زوج (Polygamy) قانونی ہے تو صرف ایک شخص کے ساتھ شادی کو یہاں قانونی تسلیم کیا جائے گا -

اگر آ پ عملاً کثرت ازدواج کی حالت میں کینیڈا میں نقل مکانی کرتے ہیں تو آ پ کو مجر مانہ اورامیگریشن مسائل بھگتنے پڑ سکتے ہیں - اگر آپ کو تشویش ہے کہ کثر ت ازدواج آپ پرکیسے اثر اندا ز ہو سکتی ہے تو ضابطہ فوجداری کا وکیل اور امیگریشن وکیل آپ کی مدد کر سکتے ہیں -

اگر آپ کو کینیڈامیں اپنی شادی کے قا نو نی ہونے پر بے یقینی ہے یا آپ کے پاس اپنے حقو ق سے متعلق اور اپنے بچو ں کے حقو ق سے متعلق سوالات ہیں تو یہ ضروری ہےکہ آپ خانگی قانون کےوکیل سےمشورہ حاصل کریں-آپکےلئےجا ننا ضرور ی ہے کہ ایک سے زائد شوہر یا بیوی کا رکھنا یعنی عملاً کثرتِ زوج (Practicing Polygamy) کینیڈا کےقانو ن کے خلاف ہے-

## کیا میں ایک کینیڈین شہر ی سے شاد ی کرنے کی صورت میں خودبخود کینیڈین شہر ی بن سکو ں گا ؟

کینیڈین شہر ی سے شادی آپ کو خو د بخو د کینیڈا کی شہر یت نہیں دے سکتی - کینیڈین شہر ی بننے کے لئے کچھ مخصو ص طریقہ کار ہیں اور کچھ ضروریا ت ہیں -جن کو پور ا کر کے ہی شہریت کی

درخواست کی جا سکتی ہے - کینیڈین شہر یو ں سے شاد ی کرنے والوں کےلئے کوئی خاص طریقہ کار نہیں ہے، لیکن ایک کینیڈین شہری یا مستقل رہائشی (Permanent Resident) اپنے شریک حیا ت کو سپا نسر کر سکتا ہے تاکہ وہ کینیڈا میں مستقل رہا ئشی کے طور پر رہ سکے -

مستقل رہا ئش، کفالت اورشہر یت سے متعلق مزید معلو ما ت کے لئے شہر یت اورکینیڈا میں نقل مکانی کی ویب سائٹ **www.cic.gc.ca** دیکھیں - آپ ہمار ا کتا بچہ بعنوان مہا جرین، پنا ہ گزین اور بلا حیثیت عور توں کے لئے فیملی قانون کے مسائل (Family Law Issues for Immigrant, Refugee and Non-status Women) بھی پڑھ سکتے ہیں -

## کینیڈا میں طلاق اور علیحدگی

**قانونی طور پر** جب آپ شادی ختم کر دیں تو یہ طلا ق ہے - علیحدگی کا مفہوم یہ ہےکہ دو لو گ شادی شد ہ ہو ں یا بغیر شادی کے ایک تعلق میں ہو ں اور وہ تعلق ختم کرنے کا فیصلہ کرلیں اور علیحدہ علیحدہ زندگی گزاریں -

اگر آپ شاد ی شد ہ ہیں تو آپ قانونی طلا ق لئے بغیر بھی علیحدگی اختیا ر کرسکتے ہیں - لیکن آپ یا آ پ کا شریک حیا ت کسی اور سے شاد ی کرنا چاہے تو پہلے طلا ق لینا ضرور ی ہے -

خاندان کا ٹوٹنا ایک مشکل اور شدید دباؤ کا وقت ہوتاہے- اگر آپ اور آ پ کا شریک حیا ت طلا ق یا علیحدگی کریں توآپ کو بہت سے قانونی مسائل کو حل کرنا پڑے گا شائد آپ کو کفالت، اپنے بچوں کے لئے انتظاما ت، اور خاندانی جائیدا د کی تقسیم کے بار ے میں فیصلہ کرنا ہو گا-

ہر صور ت حال میں وکیل کی ضرورت نہیں ہو تی، مگر بہت سے خانگی قوانین کے مسائل کے لئے قانونی مشور ہ لینا ضرور ی ہے - مزید معلو ما ت کے لئے کہ کیسے ایک خانگی قا نون کے وکیل کو ڈھونڈا جا ئے اور اُس کی فیس کی ادائیگی کیسےکی جائے،ہمارے کتابچہ FLEW میں مضمون بعنوان آپ کے خانگی قانون کےمسائل کےحل کی تلاش (*Finding Help with your family law problems*) دیکھیں-

شادی شدہ جوڑے اگر قانونی طور پر شادی ختم کرنا چاہتے ہیں تو اُن کے لئے ضرور ی ہے کہ وہ عدا لت سے طلا ق کا حکم نامہ (Divorce Order) حاصل کریں- اگر آپ طلا ق لیتے ہیں تو آپ اُسی وقت عدا لت سے درخواست کر سکتے ہیں کہ دیگرخانگی قانونی مسائل مثال کے طور پر خاندانی جا ئیدادکی تقسیم، آپ اور آپ کے بچو ں کے لئے ما لی معاونت اور پرورش کی منصو بہ بندی کے بار ے میں فیصلہ کرے کہ آیا ماں/ باپ بچو ں کی تحویل یا اُن سے ملا قات کی رسائی حاصل کرسکتے ہیں -

اگر آپ علیحدہ ہو جائیں لیکن طلا ق حاصل نہ کریں تو بھی آپ عدالت سے درخواست کرسکتے ہیں کہ وہ ان مسائل کو حل کرے-

آپ اور آپ کا شریک حیا ت، جا ئیداد، ما لی معا ونت اور بچو ں کی پرورش کے متعلق اپنے انتظاما ت، عدالت سے رجوع کئے بغیر خو د بھی کر سکتے ہیں - ایک اچھا خیال ہے کہ آپ اپنا معاہد ہ علیحدگی Separation Agreement تحریرکرلیں -آپ علیحدگی کے معاہد و ں Separation Agreements کے متعلق مزیدمعلو ما ت FLEW کی ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں -

## میں طلا ق کیسےحاصل کرو ں؟

کینیڈا میں طلا ق حاصل کرنے کے لئے آپ کا یا آپ کے شریک حیات کا طلا ق کی درخواست دینے کے لئے کم از کم ایک سال تک کینیڈامیں رہا ئش پذیر ہو نا ضرور ی ہے - آپ پر لازمی ہے کہ اُن تمام دستاویز ات کے ساتھ جسے درخواست کرنا Application کہتے ہیں اُس عدا لت میں درخواست دائر کریں جوخانگی قانونی مسائل نبٹاتی ہے **طلاق کی درخواست** عدالتی کا روائی کا آغاز ہے اور یہ وضاحت کرتی ہے کہ آپ عدالت سے کیا فیصلہ اور حکم لینا چاہتے ہیں -

آپ کوطلا ق کی درخواست دینے کے لئے اپنے شریک حیات کی اجازت کی ضرور ت نہیں - آپ یا آپ کے شریک حیا ت دونوں میں سے کوئی ایک طلا ق کی درخواست دائر کر سکتے ہیں - یا آپ دونوں ایک ساتھ دستا ویزات جمع کروا سکتے ہیں - اسے **مشتر کہ درخواست Joint Application** کہا جا تا ہے - آپ درخواست کے ذریعے صرف طلا ق کا مطالبہ کرسکتے ہیں یا اس کے ساتھ عدالت سے بچے کی تحویل، آپ اور بچے کی مالی معاونت اور خاندانی جائیداد کی

تقسیم کاسوال بھی پو چھ سکتے ہیں - آپ اپنی درخواست وکیل کی مدد کے ساتھ یا مددکے بغیر بھی دائر کروا سکتے ہیں -

طلا ق لینے کے لئے لازمی ہے کہ آپ یہ ثابت کریں کے آپ کی شادی ٹو ٹ چکی ہے اور ساتھ رہنے کے کوئی امکا نا ت نہیں ہیں - اسے کرنے کے تین راستے ہیں :

**1. علیحد ہ اور الگ رہنا:** آپ کی شاد ی ٹو ٹ چکی ہے ظاہر کرنے کاسب سے بنیا دی طریقہ ہےکہ آپ ایک سال سے اپنے شریک حیات سے علیحدہ اور الگ رہ رہی ہو ں - آپ اپنے شریکِ حیات کے ساتھ ایک گھر میں رہتے ہوئے بھی علیحدہ اور الگ رہ سکتی ہیں، جب تک کہ آپ دونوں کے درمیان ازدواجی برتا ؤ نہ ہو - اگر آپ اُس ایک سال کے دو ران اپنی شاد ی کی کامیابی پر کام کرنے کی کو ششیں کرتے ہیں تو بھی آپ علیحدہ ہیں، جب تک کہ آپ ایک دو سرے کے ساتھ 90 دنوں سے کم عرصےکے لئے تعلق میں تھے -

آپ اپنے شریک حیات سے علیحدہ ہوتے ہی طلا ق کی درخواست کر سکتی ہیں - مگر عدا لت آپ کو اس وقت تک طلا ق نہیں دے گی جب تک آپ او ر آپ کا شریک حیا ت پورےایک سال تک علیحدہ علیحدہ نہ رہ لیں -

**2. زنا:** طلا ق لینا یو ں بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ آپ دو نو ں میں سے کسی ایک نے زنا کیا ہو - زنا کا مطلب یہ ہے کہ جب ایک شادی شدہ شخص کسی ایسے شخص کے ساتھ گہرا تعلق قائم کرے جس سے اُس کی شادی نہ ہوئی ہو-

**.3 زیا دتی / ظلم:** آپ طلا ق کے لئے درخواست کر سکتے ہیں جب آپ کا شریک حیا ت آپکے ساتھ جسمانی اور ذہنی طور پر اتنا ظلم کر رہا ہے کہ اب آپ مزید اکٹھے نہیں رہ سکتے -

زنا اور زیاد تی کی صور ت میں آپ کو طلا ق لینے کے لئےایک سال کا انتظا ر کرنے کی ضرور ت نہیں مگر اس طرح کے مقدما ت میں زنا یا تشدّد/ ظلم کے شواہد پیش کرنا ہوں گے، اور اسی بنا پر مقدمہ پچیدہ اور مہنگا ہو جایا کرتا ہے - بعض اوقات عدا لتی کاروائی سست روی کا شکار ہو سکتی ہے اورممکن ہے کہ ان وجوہات کا استعمال کم از کم ایک سال تک کی علیحدگی کی نسبت زیادہ

کارگرثابت نہ ہو - یہ ضرور ی ہے کہ آپ اپنے فیملی لاء وکیل سے مشور ہ کرلیں تا کہ آپ اپنی صور تحال کے لئے بہترین انتخا ب کر سکیں -

## کیا دو سرے ممالک کی طلا قیں کینیڈامیں قانونی حیثیت رکھتی ہیں؟

دو سرے ممالک کی طلا قیں کینیڈا میں قانونی طور پر منظور قرار پانے کے لئے مختلف طریقہ کار ہیں -

1. اگر آپ یا آپ کا شریک حیا ت، طلا ق کی درخواست دائر کرنے سے پہلے ایک سال تک کسی دوسرے ملک میں رہا ئش پذیر رہا/رہی ہو اور اگر طلا ق منظور ہو چکی ہے تو یہ کینیڈا میں بھی قانونی طور پر منظور ہو جائے گی -

2. اگر دو سرے ملک میں طلا ق کا درخواست دہندہ یہ ثابت کر دے کہ اُس ملک کے ساتھ اُس کا حقیقی اور ٹھو س تعلق ہے اور اگر طلاق منظور ہو جائے تو اُسے کینیڈا میں بھی تسلیم کر لیا جائے گا، جب کہ ازواج میں سے کوئی ایک بھی اُس ملک میں طلا ق کی درخواست سے قبل ایک سال کی مدت قیام پزیر نہیں رہا -

کسی ملک کے ساتھ " حقیقی اور ٹھو س " تعلق ظاہر کرنے کے کچھ طریقے ہیں مثلاً آپ در اصل اس ملک کے ہوں اور جب تعلق ختم ہوا تھا وہا ں واپس چلے گئے تھے - یا و ہ شخص جس نے طلا ق کی درخواست دائر کی تھی اُس کی مذکورہ ملک میں جا ئیدا د ہو یا اس ملک، میں بہت زیا دہ وقت گزارتا ہو جس نے طلا ق منظور کر لی ہو-

اگر آپ کی طلا ق دوسرے ملک میں ہوئی ہے تو یہ کینیڈا میں آپ کے خانگی قوانین کے حقو ق جیسے مالی معاونت اور خاندانی جائیداد کی تقسیم کو متاثر کر سکتی ہے- اگر آپ کو دوسرے ملک میں ملنے والی طلاق کے بار ے میں خدشات ہیں تو یہ بہتر ہو گا کہ آپ یہا ں اپنے فیملی لاء کے وکیل سے مشاورت کریں -

اگر آپ کی طلا ق کسی اور ملک میں ہوئی ہے اور آپ کینیڈا میں کسی اور سے شادی کر نا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنی طلا ق کا ثبو ت دکھانا ہو گا تا کہ آپ یہاں شادی کر سکیں-

ایسا کرنے کے لئے آپ کے پاس طلا ق کے حکم نامے کی سر کاری نقل ہو نی چاہیئے - کینیڈا کے صو بے یا علا قے میں جہا ں آپ شادی کرنا چاہتے ہیں آپ کو مقامی وکیل کے ایک خط کی ضرورت ہو گی، جو یہ سفارش کرے کہ آپ کی طلا ق کینیڈین قانون کے تحت تسلیم ہو نی چاہئے-

اگر طلا ق نامہ انگریزی یا فرانسیسی میں نہیں تو آپکو کسی منظور شدہ مترجم سے اُس کا ترجمہ انگریزی یا فرانسیسی میں کروانا ہو گا وکیل بھی اس میں آپ کی مدد کر سکتا ہے -

## طلاق اور دوبارہ شادی میں حائل مذہبی رکاوٹیں

سول یا مذہبی تقریب کے زریعے سے ازدواجی رشتے میں منسلک جوڑے کو ایک عدالت قانونی طلاق دلواسکتی ہے- لیکن بعض مذاہب طلاق کو تسلیم نہیں کرتےاور کہتے ہیں کہ آپ نے ایک سول (غیر مذہبی) طلاق حاصل کی تو، آپ مذہبی کمیونٹی میں شرکت نہیں کر سکتے اور نا ہی ایک مذہبی تقریب میں پھر سے شادی کر سکتے ہیں. کینیڈین فیملی لاء آپ کو اپنے دین کے اندر شادی کرنے کے حقوق نہیں دیتامگر ہر وہ شخص جو (اوپر بیان شدہ) قانونی تقاضوں کو پورا کرے وہ کینیڈا میں ایک سول تقریب میں شادی کرنے کا حقدار ہے-

کینیڈین فیملی لاء آپ کے شریک حیات کو مذہبی طلاق دینے کے لئے مجبور نہیں کر سکتا، لیکن کینیڈا کا قانون کہتا ہے کہ شریک حیات مذہبی طلاق کا وعدہ یا انکارفیملی لاء کے معاملات حل کرنے کے لئے استعمال نہیں کرسکتے-

اگر آپکا سابق شریکِ حیات آپ کو اپنے مذہب یا کمیونٹی میں دوبارہ شادی کرنے سے روکنے کی کوشش کرتا/کرتی ہے تو عدالت آپکے سابق شریکِ حیات کی جو فیملی لاء ایپلیکیشن جو بچو ں کی تحویل، امدادی رقم کی ادائیگی، خاندانی املاک کی تقسیم کے بارے میں تھی، اس درخواست کا فیصلہ کرنے سے انکارکر سکتی ہے-

## کامن لاء پارٹنر کی علیحدگی

وہ جوڑے جو ایک ساتھ ایک تعلق میں رہیں لیکن وہ قانونی طور پر شادی نہ کرنا چاہیں **کامن لاء پارٹنر** common law partner کہلاتے ہیں-کامن لاء پارٹنرز ایک دوسرے سے علیحدہ ہو کر اپنا تعلق ختم کر

سکتے ہیں-اگر آپ قانونی طور پر شادی شدہ نہیں تو آپ کو طلاق کی ضرورت نہیں-

کامن لاء پارٹنر کے متعلق ہر صوبے کے الگ قوانین ہیں جو اس امر کی وضاحت کرتے ہیں کہ علیحدگی کی صورت میں خانگی قوانین کے کونسے حقوق حاصل ہوں گے- انٹاریو میں کامن لاء پارٹنر کو خانگی قوانین کے حقوق ہوں گے:

- اگراُنھیں اکٹھے رہتے ہوئے ۳ سال یا زائد کا عرصہ ہو چکا ہو-
- اگراُن دونوں کا کوئی بچہ ہے اور اُنکا تعلق مستحکم رہا ہو-

انٹاریو میں کامن لاء پارٹنر ز کوحق حاصل ہے کہ وہ علیحدگی کی صورت میں بچے کی تحویل یا رسائی اور شریکِ حیات کے مالی معاونت کی درخواست دے سکتے ہیں

اگرچہ قانون کئی اندازمیں کامن لاء پارٹنرکو تسلیم کرتا ہے تاہم خاندانی املاک کی تقسیم کے قوانین کا اطلاق جو قانونی طور پر شادی شدہ جوڑوں پر ہوتا ہے وہ انٹاریو میں کامن لاء پارٹنرزپر نہیں ہوتا-کچھ صورتوں میں، اگر آپ کامن لاء تعلق ختم کر رہے ہیں تو عدالت یہ حکم دے سکتی ہے آپ ایسی خاندانی املاک میں حصہ دار ہیں جو آپکی ذاتی ملکیت نہیں-

## آپ کے تعلق کے اختتام پر خانگی معاملات کے فیصلے-

آپ کے تعلق کے اختتام پر خانگی معاملات کے فیصلے- چاہے آپ طلاق لے رہے ہوں یاعلیحدگی،آپ اور آپکا پارٹنر پیسوں اور اہل خانہ سے منسلک انتظامات, وکلاء یا عدالتوں سے رجوع کئے بغیر کر سکتے ہیں-

اگرآپ اور آپکا پارٹنرخوش اسلوبی اور ایمانداری کے ساتھ بات چیت کے ذریعے اپنے خانگی مسائل مثلاً بچے کی تحویل ورسائی، بچے کی مالی معاونت،شریکِ حیات کی مالی معاونت کا معاہدہ خود کر سکتے ہیں- تو یہ ایک بہتر تجویزہوگی کہ یہ تحریری معاہدہ ہوجس پر تاریخ اور دونوں پارٹنرز کے دستخط موجود ہوں-سب سے بہتر یہ ہوگا کہ د ونوں پارٹنرز ایک وکیل سے رجوع کریں جویہ معاہدہ پڑھ کر عدالت میں جمع کروا دے- مزید معلومات کے لئے FLEW کی ویب

سائٹ پر تنازعات کے متبادل حل Alternate Dispute Resolution (ماوراء عدالت معاہدے) اور علیحدگی کے معاہدے Separation Agreement دیکھیں-

اگرآپ اور آپکے پارٹنرمیں مصالحت نہ ہو سکے یا آپ کا تعلق بدسلوکی کا شکار تھا یا ہے تو بہتر ہے کہ آپ ایک وکیل کی مدد لیں-آپ عدالت سے رجوع کریں کہ وہ بقیہ انتظامات، مالی معاونت اور فیملی پراپرٹی کی تقسیم کا فیصلہ کرے-

*طلاق اور علیحدگی کے تناظر میں فیملی لاء اور حقوق پرمزید معلومات کے لیے ہمارے کتابچے "بچوں کی تحویل اور رسائی"، "گھریلو معاہدے"، "زوجی مالی معاونت" اور" فیملی لاء کے تحت جائیداد کی تقسیم" دیکھیں-*

ان کتابچوں میں بیان کئے گیے خیالات FLEW کے ہیں-اورضروری نہیں کہ یہ صوبے کے خیالات کی عکاسی کرتے ہوں-

اگرچہ Law Foundation of Ontario کا مالی تعاون ہمیں حاصل ہے،اشاعت کامودفاؤنڈیشن کے خیالات کی عکاسی نہیں کرتا-

**جب ایک ازدواجی تعلق ختم ہورہا ہوتا ہے تشدد کا خطرہ بڑھ جاتاہے-اگرآپ خود کو خطرے میں پایئں تو 911 پرکال کریں-اگرآپ خودیا آپ کسی ایسے فردکو جانتے ہیں جو خطرہ میں ہے، FLEW ویب سائٹ سے معلومات اور مدد لیں-**

اگرآپ اُونٹاریو میں مقیم فرانسیسی بولنے والی خاتون ہیں توآپکو فیملی لاء عدالتوں کی کاروائی فرانسیسی زبان میں حاصل کرنے کا حق ہے- اپنے حقوق پرمزید معلومات کے لئے وکیل سے رابطہ کریں، کمیونٹی لیگل کلینک یا سپورٹ لائن Femaide سے 1-877-336-2433, TTY 1-866-860-7082 پررابطہ کریں-

فرانسیسی زبان میں خدمات حاصل کرنے کے لئے مزید معلومات ہماری ویب سائٹس www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca پر دیکھیں-

## اردو میں دستیاب فیملی لاء کے موضوعات*

1. جھگڑے کا متبادل حل اور فیملی لاء (URD 001)
2. بچوں کی حفاظت اور فیملی لاء (URD 002)
3. بچوں کی امداد (URD 003)
4. فوجداری اور فیملی لاء (URD 004)
5. بچوں کی تحویل اور رسائی (URD 005)
6. گھریلو معابدے (URD 006)
7. فیملی ثالثی لاء (URD 007)
8. امیگرینٹ ،نان اسٹیٹس عورتوں، پناہ گزین کے فیملی لاء مسائل (URD 008)
9. اپنے فیملی لاء کے مسائل کے حل کی تلاش (URD 009)
10. فیملی لاء کے تحت جائیداد کی تقسیم (URD 010)
**11. شادی اور طلاق (URD 011)**
12. زوجی مالی معاونت (URD 012)

* *یہ کتابچہ متعدد انداز اور زبانوں میں دستیاب ہے۔مزید معلومات ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca پر دیکھیں- فیملی لاء کے حقوق کو سمجھنے کے لئے آپ کو مزید مواد ہمار ی ویب سائٹ سے ملے گا-*

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la fami le
Le droit de savoir

Funded by: / Financé par :
Ontario

The Law Foundation of Ontario

اس تحریری مواد میں شامل خیالات FLEW کے ہیں اور یہ ضروری نہیں کہ یہ فنڈرز کے خیالات کی عکاسی بھی کرتے ہوں-